No. of Printed Pages : 10 **BUDC-109**

# B.A. (Hons.) (Urdu)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2026

## BUDC-109 : Urdu Adab Mein Tanz-o-Mizah

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ : سبھی حصّوں سے تمام سوالوں کے جواب لکھئے۔

تمام سوالوں کے نمبرات ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ 'الف')

۱۔ طنز و مزاح کی اقسام بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

''آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ گنجان محلوں میں مختلف بلکہ متضاد تقریبیں ایک دوسرے میں بڑی خوبی سے ضم ہو جاتی ہیں۔ گویا دونوں وقت مل رہے ہوں۔ چنانچہ اکثر حضرات دعوتِ ولیمہ میں ہاتھ دھوتے وقت چہلُم کی بریانی کی ڈکار لیتے ہیں یا سویم میں شبینہ فتوحات کی لذیذ داستان سُناتے پکڑے جاتے ہیں۔ لذّتِ ہم سائیگی کا یہ نقشہ بھی اکثر دیکھنے میں آیا کہ ایک

کوارٹر میں ہنی مون منایا جا رہا ہے تو رت جگا دیوار
کے اس طرف ہو رہا ہے اور یوں بھی ہوتا ہے کہ
دائیں طرف والے گھر میں آدھی رات کو قوّال
بلّیاں لڑا رہے ہیں تو حال بائیں طرف والے گھر
میں آ رہا ہے۔ آمدنی ہمسائے کی بڑھتی ہے تو اس
خوشی میں ناجائز خرچ ہمارے گھر کا بڑھتا ہے اور یہ
سانحہ بھی بارہا گزرا کہ مچھلی طرحدار پڑوسن نے پکائی
اور مدتوں اپنے بدن سے تری خوشبو آئی۔ اس تقریبی
گھپلے کا صحیح اندازہ مجھے دوسرے دن ہوا جب ایک

شادی کی تقریب میں تمام وقت مرحوم کی وفاتِ حسرت آیات کے تذکرے ہوتے رہے۔ ایک بزرگ نے کہ صورت سے خود پا بہ رکاب معلوم ہوتے تھے، تشویش ناک لہجے میں پوچھا، آخر ہوا کیا ؟ جواب میں مرحوم کے ایک ہم جماعت نے اِشاروں کنایوں میں بتایا کہ مرحوم جوانی میں اشتہاری اَمراض کے شکار ہوگئے۔ ادھیڑ عمر میں جنسی تونس میں مبتلا رہے لیکن آخری ایام میں تقویٰ ہو گیا تھا۔''

۲۔ نظم 'فرضی لطیفہ' پر اظہارِ خیال کیجئے۔ ۱۰

یا

دلاور فگار کے سوانحی احوال وکوائف بیان کیجئے۔

۳۔ مشتاق احمد یوسفی کے طنزیہ ومزاحیہ مضمون 'یادش بخیریا' کے فنی امتیازات بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

کنہیالال کپور کے سوانحی احوال وکوائف اور ادبی خدمات پر اظہار خیال کیجئے۔

(حصہ 'ب')

۴۔ عصر حاضر میں اُردو طنز و مزاح پر مفصل اظہار خیال کیجئے۔ ۱۵

یا

درج ذیل اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے:

میرے اک شاگرد نے لکھا ہے مجھ کو ایک خط
جس کو پڑھ کر ہوگیا ہے میرا اندازہ غلط

اس نے مجھ کو خط میں لکھا ہے کہ اے استاد فن
آپ ہیں اردو کی پاپوش اور میں اس کی کرن

آپ کے ہر شعر پر ہوتی ہے فنکاری کی چھاپ
شہر کے پیچیدہ پیچیدہ ادیبوں میں ہیں آپ

میں تو قبلہ آپ کے ادنیٰ پرستاروں میں ہوں

آپ میرے کفش ہیں میں کفش برداروں میں ہوں

منزلِ فن میں سمجھ کر اپنا لیڈر آپ کو

رفعِ حاجت کے لئے پڑھتا ہوں اکثر آپ کو

مجھ کو یہ سمجھایئے بہرِ خدارا کے لئے

کیسے فرماؤں غزل اپنی ستارہ کے لئے

آپ کی آواز میں ہے ایک ''وجدانی سرور''

آپ کے 'ترنم' سے بھی پُر کیف ہے 'تحت الشعور'

میں ابھی تک ہنستی ہوں، اس میں کوئی شک نہیں

مجھ کو فنِ شعر میں پوری طرح ادراک نہیں

سوچتا ہوں کہ بیٹھوں کس کے در کے سامنے

سینکڑوں اُستاد ہے پیشِ نظر کے سامنے

پھولِ لالہ اُگ رہا ہے گلستاں کی خاک سے

دوسرا مصرع لگا کر بھیج دیجئے ڈاک سے

۵۔ ظریفؔ لکھنوی کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری سے بحث کیجئے۔ ۱۵

یا

اُردو نثر میں طنز ومزاح کی روایت پر مفصل اظہار

خیال کیجئے۔

(حصہ 'ج')

۶۔ رشید احمد صدیقی کے سوانحی احوال وکوائف کو بیان

کرتے ہوئے ان کی طنز ومزاح نگاری کا جائزہ

لیجئے۔ ۲۰

یا

رضا نقوی واہی کی حیات وخدمات اور ان کی طنزیہ و

مزاحیہ شاعری پر ایک تفصیلی مضمون لکھئے۔

۷۔ پطرس بخاری کے سوانحی احوال و کوائف پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی طنز ومزاح نگاری کے امتیازی پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔ ۲۰

یا

اکبر الہ آبادی کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

××××